The Leading Urdu daily of India Published Simultaneously from Bihar, Jharkhand & U.P.

قومی تنظیم

بانی: ایس ایم عمر فرید

QAUMI TANZEEM — कौमी तंज़ीम

R.N.I. No. 4257/64. website : www.qaumitanzeem.com

PATNA, (Sun.) 01.03.2020 — Late City ₹ 3/- جلد:59 شمارہ:60 (اتوار) ۵ رجب المرجب ۱۴۴۱ھ مطابق ۱ مارچ ۲۰۲۰ء

ججوں کو کسی تنازعہ میں نہ گھسیٹیں: ارون مشرا

نئی دہلی (ایجنسی) سپریم کورٹ کے جسٹس ارون مشرا نے ایک کیس کی سماعت میں ججوں کا ذکر کرنے پر سینئر وکیل ابھیشیک منو سنگھوی کو احتجاج دیا اور کہا کہ ججوں کو تنازعات نہ گھسیٹا جائے۔ ہفتہ کو جسٹس مشرا کی سربراہی میں 2 ججوں کی بنچ نے دہلی کے خان مارکیٹ اسکول کو سیل کرنے کے معاملے پر سماعت کر رہی تھی۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے سنگھوی دلیلیں پیش کر رہے تھے۔ اگرچہ کورٹ اس سے متفق نہیں ہوا اور سیل کرنے کے حکم پر روک لگانے کی درخواست مسترد کر دی۔

سبھدرا نے احتجاجاً بی جے پی سے استعفیٰ دیا

کولکاتا (ایجنسی) دہلی کے شمال مشرقی علاقے میں بھڑکے تشدد میں جانی و مالی نقصانات کے بعد 2013 میں بی جے پی میں شامل ہوئی ایک مشہور اداکارہ سبھدرا مکھرجی نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا ہے۔ سبھدرا مکھرجی نے کئی فلموں اور ٹی وی سیریل جیسے ’بیو کتھا کو‘، ’سدھارن میئے‘، ’کھلاڑی‘ ساموئی اینڈ جولیٹ میں کام کیا ہے۔ انھوں نے اپنے اس فیصلے کے بارے میں کہا کہ یہ کافی انتشار کرنے کے بعد اٹھایا گیا قدم ہے۔ سبھدرا مکھرجی نے کہا کہ ’’میں نے 2013 میں بی جے پی جوائن کی تھی (باقی صفحہ 11 پر)

...طبقہ کی فلاح حکومت کی ترجیح

130 کروڑ ہندوستانیوں کے مفادات کا خیال رکھتے ہیں: مودی

(یو این آئی) اترپردیش کے ضلع پریاگ راج میں ... اور معذورین کے درمیان آلات تقسیم کرنے کے ... نریندر مودی نے کہا کہ ہماری حکومت بلا تفریق ... طبقے کی فلاح کے لئے کام کر رہی ہے۔ 130 کروڑ ... کے مفاد کا تحفظ کرنا ان کی حکومت کی اولین ترجیح ... کے دو اضلاع کے دورے پر پہلے پریاگ راج ... نے نریندر مودی نے دس معذورین کو اپنے ہاتھوں ... دینے کے بعد ان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ... پردھان سیوک کے طور پر مجھے ہزاروں معذورین اور ... خدمت کرنے کا موقع ملا ہے۔ آج اس خصوصی ... تقریبا 27 ہزار افراد کو آلات دیئے گئے۔ وزیر ... خطاب میں معذورین کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا کہ ... زندگی کی مشکلوں میں کچھ مدد کریں گے۔ یہ محض ... آپ کی ہمت حوصلہ ہی کافی اہم ہے۔ آپ ... کوئی بار ہی سے دیکھے تو ہر کسی کے لئے اس میں ... ہوئی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری حکومت نے معذورین کے لئے جس جذبے کے ساتھ کام کیا ہے اور فیصلے کئے ہیں اس کی جتنی تشہیر ہونی چاہئے تھی وہ نہیں کی گئی۔ ہماری ہی حکومت ہی ہے جس نے پہلی بار معذورین کے حقوق کے لئے قانون نافذ کیا۔ معذورین کے زمرہ بندی کو سات سے بڑھا کر 21 کر دیا گیا۔ معذورین پر ظلم وستم اور مذاق کے شقوں کو مزید سخت کیا گیا۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلے کے ریزرویشن کو تین فیصد بڑھا کر پانچ فیصد کر دیا گیا۔ (باقی صفحہ 11 پر)

امیت شاہ کی ریلی آج

کلکتہ (یو این آئی) بی جے پی کی قومی صدر امیت شاہ یکم مارچ کو کلکتہ کے شہید مینار میدان میں شہریت ترمیمی ایکٹ کی حمایت میں جلسے سے خطاب کریں گے۔ تاہم امیت شاہ کی کلکتہ آمد پر بایاں محاذ، جمعیت علمائے ہند سمیت دیگر ملی تنظیموں نے احتجاجی مظاہرے کا اعلان کیا ہے۔ اس کی وجہ سے کلکتہ میں حالات کشیدہ ہونے کا امکان ہے۔ دوسری جانب بی جے پی کا پورا انحصار امیت شاہ اور مرکزی قیادت پر ہے۔ چنانچہ ریاستی بی جے پی نے اپنی تمام یونٹوں کو ہدایت دی ہے کہ امیت شاہ کے کلکتہ دورہ کے پیش نظر تمام علاقوں سے بڑی تعداد لوگوں کو لے کر آنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ چوں کہ انتخابات کے پیش نظر مائیک کے (باقی صفحہ 11 پر)

جنتا دل یو ورکرس اجلاس آج، وزیر اعلیٰ کا خصوصی خطاب

پٹنہ (ت ن س) جنتا دل یو ورکرس اجلاس اتوار کو گاندھی میدان میں منعقد کیا جائیگا جس کیلئے وسیع تیاریاں کی گئی ہیں۔ پٹنہ کے تاریخی گاندھی میدان کے نصف حصہ کو جلسہ گاہ میں تبدیل کر دیا گیا ہے اور عظیم الشان اسٹیج تیار کیا گیا ہے۔ گاندھی میدان اور آس پاس کا علاقہ پوسٹروں، بینروں اور استقبالیہ گیٹ سے سجایا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار اس اجلاس میں پارٹی ورکروں سے خطاب کرتے ہوئے انہیں حکومت کے کاموں کی تفصیلی جانکاری دیں گے اور انہیں حکومت کے کاموں کو لیکر عوام کے

راجدھانی پوسٹروں اور بینروں سے پٹی

درمیان جانے کی ترغیب دیں گے۔ وزیر اعلیٰ سوا بارہ بجے گاندھی میدان پہنچیں گے۔ پارٹی نے دعویٰ کیا ہے کہ اس اجلاس میں 2 لاکھ سے زیادہ ورکر شامل ہوں گے۔ پارٹی کے ریاستی عہدیداران سے لیکر عام ذمہ داران تک اجلاس کی کامیابی کیلئے سرگرم تھے۔ بھی جنتا دل یو وزراء اور ارکان اسمبلی کی پٹنہ واقع رہائش گاہوں پر ورکروں کے قیام و طعام کا مکمل انتظام کیا گیا ہے اور کھانے بنائے جا رہے تھے۔ راجدھانی پٹنہ کے سبھی چوک چوراہوں پر وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی تصویر لگے، پوسٹر اور بینر لگائے گئے ہیں۔ سیکورٹی کا بھی سخت انتظام کیا گیا ہے۔ دو دن قبل ہی گاندھی میدان کو سیل کر دیا گیا تھا۔ آج پورے دن گاندھی میدان میں تیاریاں زوروں پر رہیں۔ اعلیٰ افسران موقع پر پہنچ کر سیکورٹی کے بندوبست کا جائزہ لیتے رہے۔ واضح رہے کہ یکم مارچ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کا یوم پیدائش بھی ہے اس لئے ورکروں میں زیادہ جوش و خروش دیکھا جا رہا ہے۔

...نگ میں فساد، 1 ہلاک، کرفیو نافذ، 8 گرفتار

ضلع کے ڈپٹی کمشنر میگھی ڈورڈ و نونگمری نے بتایا کہ یہاں امن وامان کی صورت حال خراب ہونے کے خدشہ پیش نظر کرفیو لگا دیا گیا۔ خفیہ رپورٹ ملی تھی کہ مقامی افراد امن وامان کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ لنڈ امین گمری اور صدر تھانہ علاقوں میں دوپہر بارہ بجے سے اگلے حکم تک کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ پولیس نے اس معاملے میں آٹھ افراد کو گرفتار کیا ہے جو اچھامتی گاؤں میں کھاسی اسٹوڈنٹس یونین (کے ایس یو) اور فیڈریشن آف کھاسی جینتیا اینڈ گارو پیپلز (ایف کے جے جی پی) کے اراکین حملہ کرنے میں مبینہ طور پر شامل تھے۔ مشرقی کھاسی پہاڑی ضلع کے پولیس سپرنٹنڈنٹ کلاوڈیا لنگوا نے یو این آئی سے کہا، ہم نے کے ایس یو کی جانب سے درج کروائی گئی ایف آئی آر کی بنیاد پر آٹھ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ میگھالیہ پولیس نے بتایا کہ حملہ آوروں نے جمعہ کی رات کو مغربی کھاسی ہلس ضلع ... کے لاؤ ... میں ایک پٹرولنگ پولیس پر پیٹرول بم پھینکا جس کے نتیجے میں (باقی صفحہ 11 پر)

(یو این آئی) میگھالیہ کی راجدھانی میں ... ہونے تشدد میں ایک ... کے بعد ... علاقہ میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع ... کے مقامی بیرونی افراد کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ ... ایک بیرونی شخص کو نشانہ بنایا گیا جس سے اس کی موت ... یہ علاقہ بنگلہ دیش سرحد سے متصل ہے۔ مشرقی کھاسی

دہلی: میٹرو اسٹیشن پر ’’گولی مارو‘‘ کا نعرہ، افراتفری، 6 گرفتار

نئی دہلی (ایجنسی) ہفتہ کے روز راجیو چوک میٹرو اسٹیشن پر، کچھ شرپسند لوگوں نے ’ملک کے غداروں کو گولی مارو...‘ کے نعرے لگائے جس سے وہاں ہنگامہ برپا ہو گیا اور ایک عجیب و غریب صورت حال پیدا ہو گئی۔ جب میٹرو کے مسافروں نے اس طرح کے قابل اعتراض نعرے سنے تو وہ حیران رہ گئے اور وہ منظر دیکھنے لگے اور پلیٹ فارم پر موجود کچھ لوگوں نے اس واقعے کی ویڈیو بھی بنا لیا۔ پولیس نے اس معاملے فوری کارروائی کرتے ہوئے 6 لوگوں کو حراست میں لے لیا ہے اور موقع پر بڑی تعداد میں پولیس جوان تعینات کر دیئے گئے ہیں۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ صبح 11 بجے کے قریب پیش آنے والے اس واقعہ کو دیکھ کر میٹرو کے عہدیدار اور سنٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس کے اہلکار حرکت میں آ گئے۔ اس واقعے کا ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد، دہلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایک بیان جاری کیا لیکن اس میں اس نعرے کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ ڈی ایم آر سی کی طرف سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق میٹرو اہلکاروں اور سیکیورٹی اہلکاروں نے نعرے بازی کرنے والوں کو خاموش کرانے کی کوشش کی اور اس کے بعد انہیں پکڑ کر میٹرو پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس نے واقعے میں ملوث چھ افراد کو اپنی تحویل میں لیا ہے اور ان سے پوچھ گچھ جاری ہے۔ ڈی ایم آر سی نے بیان میں کہا ہے کہ دہلی میٹرو ایکٹ کے تحت کوئی بھی مسافر نعرے بازی نہیں کر سکتا ہے، نہ ہی احتجاج اور نہ ہی ہنگامہ کر سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص ایسا کرتا ہوا پایا گیا ہے تو اسے فوری طور پر میٹرو کے احاطے سے نکال دیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 11 پر)

وزیر اعظم مودی کو کالا جھنڈا دکھانے والے تین گرفتار

پریاگ راج (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی کی تقریر کے دوران پروگرام کے مقام کے نزدیک کالا جھنڈا دکھانے کے الزام میں پولیس نے تین لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ (سٹی) برجیش سریواستو نے بتایا کہ موا ایما کے رہنے والے موہت یادو، کینٹ تھانہ کے راجاپور کے سوربھ یادو اور جارج ٹاؤن کے ... گیلری میں بیٹھے تھے۔ وزیر اعظم کی تقریر کے دوران انہوں نے کھڑے ہو کر کالا جھنڈا دکھانے کی کوشش کی جن کی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کارکنان نے مخالفت کرتے ہوئے (باقی صفحہ 11 پر)

دہلی حکومت کو بغاوت سے متعلق قانون کی جانکاری نہیں: چدمبرم

نئی دہلی (یو این آئی) کانگریس کے سینئر رہنما پی چدمبرم نے جواہر لال نہرو یونیورسٹی اسٹوڈنٹ یونین کے سابق صدر کنہیا کمار اور دیگر کے خلاف ملک سے بغاوت کا مقدمہ چلانے کی منظوری دینے کے لئے دہلی حکومت پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ کیجریوال حکومت بغاوت سے متعلق قانون کو غلط طریقے سے سمجھنے کے معاملے میں مرکزی حکومت سے کم نہیں ہے۔ مسٹر چدمبرم نے ٹویٹ کر کے کہا، ’’میں مبینہ جرائم کے لئے کنہیا کمار اور دیگر کے خلاف تعزیرات ہند کی دفعہ 124 اے اور 120 بی کے تحت مقدمہ چلانے کے لئے دی گئی منظوری سے اتفاق نہیں کرتا۔ دہلی حکومت بغاوت سے متعلق قانون کو غلط انداز سے سمجھنے میں مرکزی حکومت سے کم نہیں ہے۔‘‘ واضح رہے کہ دہلی حکومت نے دہلی پولیس کے اسپیشل سیل کو کنہیا کمار اور دیگر کے خلاف ملک سے بغاوت کے چار سال پرانے معاملے میں مقدمہ چلانے کے لئے جمعہ کو منظوری دے دی ہے۔

فساد بھڑکانے کے الزام میں کانگریس لیڈر عشرت گرفتار

نئی دہلی (ایجنسی) کانگریس کی سابق کارپوریشن کونسلر عشرت جہاں کو دہلی پولیس نے فساد بھڑکانے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ عشرت کو 14 دنوں کے لئے عدالتی حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔ عشرت جہاں گزشتہ تقریبا 50 دنوں سے دہلی کے کھوریجی میں سی اے اے کے خلاف مظاہرہ کر رہی تھیں۔ گزشتہ اتوار کو کھوریجی روڈ جام کرنے میں بھی عشرت جہاں کا نام آیا تھا۔ غور طلب ہے کہ شہریت ترمیم قانون کو لے کر تشدد بھڑکنے کے بعد ہفتہ کو شمال مشرقی دہلی میں زیادہ تر جگہوں پر ماحول پر امن ہے۔ تاہم جن جگہوں پر تشدد ہوا ہے ان کے ارد گرد کے علاقوں میں زیادہ لوگوں کے جمع ہونے یا پھر بڑے اجتماع پر اب بھی پابندی ہے۔ شمال مشرقی دہلی میں ہوئے تشدد میں اب تک 42 افراد کی موت ہو چکی ہے اور سیکڑوں کی تعداد میں لوگ زخمی ہیں۔ وزارت داخلہ نے بتایا کہ شمالی دہلی میونسپل کارپوریشن نے عوامی مقامات میں سے زیادہ تر ملبہ ہٹا دیا ہے۔ تشدد میں 300 سے زیادہ افراد زخمی ہیں۔ پولیس نے اب تک 123 ایف آئی آر درج کی ہیں اور 630 افراد کو حراست میں لیا۔ دہلی پولیس نے تشدد کے مقدمات کی تحقیقات کے لئے دو ایس آئی ٹی بنائی ہے۔ چوبیس فروری کے بعد سے شمال مشرق دہلی کے تشدد سے متاثرہ علاقوں میں سات ہزار سے زیادہ سیکورٹی فورسز کو تعینات کی گئی ہے۔ وہیں معلومات کے مطابق مدد کے لئے پریشان لوگوں نے قریب (باقی صفحہ 11 پر)

...میرے ساتھ دہشت گردوں جیسا سلوک: اعظم خان

(...) سماج وادی پارٹی سینئر لیڈر ... اعظم خان نے سنیچر کو ایک ... کے لئے سیتاپور جیل سے ... روانہ ہونے سے قبل کہا کہ ان ... دہشت گرد جیسا سلوک روا رکھا جا رہا ... ایک کیس کی سماعت کے ... میں ایم پی۔ ایم ایل اے ... عدالت رامپور روانہ ہونے سے قبل اعظم نے میڈیا نمائندوں سے کہا کہ جیل میں ان کے ساتھ ایسا سلوک کیا جا رہا ہے گویا وہ کوئی دہشت گرد ہیں۔ رکن پارلیمنٹ ان کے بیٹے عبداللہ کے ساتھ سیتاپور جیل میں سخت سیکورٹی کے درمیان جیل میں رکھا گیا ہے۔ جبکہ ان کی بیوی و ایم ایل اے تزئین فاطمہ کو خاتون جیل میں رکھا گیا ہے۔ ایس پی رکن پارلیمان جہاں جیل میں رات بھر سو نہیں پا رہے ہیں وہیں بیوی تزئین نے کمر درد کی شکایت کی ہے۔ ایس پی سربراہ اکھلیش یادو نے جمعرات کو رکن پارلیمان اور ان کے کنبے سے سیتاپور جیل میں ملاقات کے بعد کہا تھا کہ اعظم خاں کو سیاسی دشمنی میں جیل میں رکھا گیا ہے۔ بیٹے عبداللہ اعظم کے فرضی (باقی صفحہ 11 پر)

...طالبان تاریخی معاہدہ، 14 ماہ میں فوجی انخلا

آئندہ 14 ماہ کے اندر اپنی تمام افواج افغانستان سے واپس بلا لیں گے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ آئندہ 135 دن کے اندر 8 ہزار 600 غیر ملکی فوجیوں کا انخلا ہوگا، جبکہ آئندہ 14 ماہ کے اندر افغانستان سے تمام غیر ملکی افواج کی واپسی مکمل ہو جائے گی۔ اعلامیے کے مطابق طالبان انٹرا افغان مذاکرات کے تناظر میں سیکڑوں قیدیوں کا تبادلہ کریں گے۔ تاریخی معاہدے کی دوحہ میں ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قطر کے وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن الثانی نے کہا کہ دوحہ سمجھتا ہے کہ افغانستان میں امن کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا فریقین سمیت عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ قطر کی حکومت نے معاہدے کو کامیاب بنانے کے لیے کردار ادا کیا جس سے افغانستان میں 19 سالہ جنگ کا خاتمہ اور پائیدار امن کی راہ ہموار ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ امن معاہدہ مرحلہ وار مذاکرات کے نتیجے میں ممکن ہوا، جبکہ معاہدے کو حتمی شکل دینے پر تمام فریقین کا کردار قابل تعریف ہے۔ (تفصیلی خبر صفحہ 7 پر)

... 2001 میں نیویارک کے ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملے ... شروع ہونے والی جنگ کے خاتمے کے لیے ... کے درمیان تاریخی امن معاہدے پر دستخط ... افغان حکومت کے مشترکہ اعلامیے کے مطابق اگر ... ذمہ داری کو یقینی بنائیں تو امریکہ اور اس کے اتحادی

دہلی پولیس یکطرفہ کارروائی کر رہی ہے: کانگریس

نئی دہلی (ایجنسی) کانگریس نے دہلی میں تشدد کے بعد پولیس پر یکطرفہ کارروائی کرنے کا الزام عائد کیا اور کہا کہ سپریم کورٹ کو ان معاملات کا نوٹس لینا چاہئے اور ایک انصاف پسند تقرری کرنی چاہئے۔ پارٹی کے سینئر لیڈر آنند شرما نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ حالات ابھی معمول پر نہیں ہوئے ہیں اور لوگوں میں اب بھی خوف کا ماحول ہے۔ ملک کے اندر اور دہلی میں حالیہ واقعات سے کچھ بنیادی سوالات اٹھتے ہیں۔ مخالفت کرنا لوگوں کا حق ہے۔ انتظامیہ کا رویہ تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ غداری کیس کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے۔ شرما نے دعویٰ کیا کہ دہلی تشدد میں پہلے کچھ دنوں تک جان بوجھ کر کارروائی نہیں ہوئی۔ جوابدہی طے ہونی چاہئے۔ اب جو کارروائی ہو رہی ہے وہ یکطرفہ ہے۔ جو لوگ دھرنے پر تھے ان پر سنگین دفعات کے تحت مقدمے درج کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر بی جے پی لیڈروں کے اشتعال انگیز والے بیان نہیں تھے تو پھر کس کے بیان اشتعال انگیز تھے؟ کانگریس لیڈر نے کہا کہ ہم سب سے زیادہ سپریم کورٹ سے درخواست کرتے ہیں کہ (باقی صفحہ 11 پر)

...انیس کے گھر کی تعمیر بی ایس ایف کرائیگی، ڈی آئی جی موقع پر پہنچے

... گئے عام آدمی پارٹی سے معطل کونسلر طاہر حسین کی گرفتاری کیلئے بھی پولیس چھاپہ ماری کر رہی ہے۔ ... ہیں۔ سیکورٹی علاقوں میں فلیگ مارچ کیا گیا۔ مقتول آئی بی افسر انکت شرما کے قتل میں ملزم بنائے

شمال مشرقی دہلی میں سبھی اسکول 7 مارچ تک بند

ان کے رشتہ داروں کے یہاں پولیس نے پہنچ کر ان کی تلاش کی مگر اب تک ان کا کوئی سراغ نہیں ملا ہے۔ ادھر فساد کے دوران پولیس کے سامنے سر عام فائرنگ کرنے والے شاہ رخ کی بھی تلاش جاری ہے۔ پولیس تفتیش میں اس کے خلاف جرائم کا کوئی معاملہ پولیس ریکارڈ میں درج نہیں ملا ہے۔ لیکن اس کے والد کے خلاف جرائم کا معاملہ درج ہے۔ اس سلسلے میں اس کے والد جیل بھی جا چکے ہیں اور کچھ دنوں قبل (باقی صفحہ 11 پر)

...شاہ رخ کی ... چھاپہ ماری جاری

... شمال مشرقی دہلی کے تشدد زدہ ... معمول پر آتی جا رہی ... گرفتاری کی جا چکی ہیں اور ... ہوئے ہیں اور سیکڑوں ... اس معاملے میں اب ... درج کی گئی ہے اور 885 ... ایف آئی آر درج ... تیز کر دی گئی ہے۔ آرمس ... معاملے درج کئے گئے

نربھیا کے مجرم اکشے کا پھانسی سے بچنے کا نیا حربہ

نئی دہلی (یو این آئی) سرخیوں میں چھائے نربھیا آبرو ریزی اور قتل کیس کے مجرم اکشے نے نیا حربہ اپناتے ہوئے صدر کے سامنے دوبارہ رحم کی درخواست دائر کی ہے جبکہ صدر اکشے کی اس سے پہلے رحم کی درخواست مسترد کر چکے ہیں۔ اکشے کے وکیل اے پی سنگھ کا کہنا ہے کہ صدر نے جو رحم کی درخواست مسترد کی تھی وہ نامکمل تھی۔ لہذا ہم نے دوبارہ صدر سے رحم کی درخواست کی ہے۔ اس سے پہلے نربھیا کے مجرم پون اور اکشے نے تین مارچ کو پھانسی کے لئے جاری (باقی صفحہ 11 پر)

The Leading Urdu daily of India Published Simultaneously from Bihar, Jharkhand & U.P.

بانی: ایس ایم عمر فرید

قومی تنظیم

QAUMI TANZEEM

क़ौमी तंज़ीम

R.N.I. No. 4257/64. website : www.qaumitanzeem.com

PATNA, (Sun.) 01.03.2020 Late City ₹ 3/- جلد:59 شمارہ: 60 (اتوار) پٹنہ یکم مارچ ۲۰۲۰ء مطابق ۵ رجب المرجب ۱۴۴۱ھ

سبھدرا نے احتجاجاً بی جے پی سے استعفیٰ دیا

کولکاتا (ایجنسی) دہلی کے شمال مشرقی علاقے میں بھڑکے تشدد میں جانی و مالی نقصانات کے بعد 2013 میں بی جے پی میں شامل ہوئی ایک مشہور اداکارہ سبھدرا مکھرجی نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کردیا ہے۔ سبھدرا مکھرجی نے کئی فلموں اور ٹی وی سیریل جیسے بوؤ کوتھا کوؤ، سدھارن میئے، کھلاڑی، رومیو اینڈ جولیٹ میں کام کیا ہے۔ انھوں نے اپنے اس فیصلے کے بارے میں کہا کہ یہ کافی انتظار کرنے کے بعد اٹھایا گیا قدم ہے۔ سبھدرا مکھرجی نے کہا کہ "میں نے 2013 میں بی جے پی جوائن کی تھی (باقی صفحہ 11 پر)

...کو کسی تنازعہ میں نہ گھسیٹیں: ارون مشرا

نئی دہلی (ایجنسی) سپریم کورٹ کے جسٹس ارون مشرا نے ایک کیس کی سماعت میں ججوں کا ذکر کرنے پر سینئر وکیل ابھیشیک منو سنگھوی کو انتباہ دیا اور کہا کہ ججوں کو تنازعات نہ گھسیٹا جائے۔ ہفتہ کو جسٹس مشرا کی سربراہی میں 2 ججوں کے بنچ نے دہلی کے خان مارکیٹ ... اسکول کو سیل کرنے کے معاملے پر سماعت کررہی تھی۔ اسکول انتظامیہ کی ... سنگھوی دلیلیں پیش کررہے تھے۔ اگرچہ کورٹ اس سے متفق نہیں ہوا ... کے حکم پر روک لگانے کی درخواست مسترد کردی۔

...طبقہ کی فلاح حکومت کی ترجیح

1... کروڑ ہندوستانیوں کے مفادات کا خیال رکھتے ہیں: مودی

...(یو این آئی) اتر پردیش کے ضلع پریاگ راج میں ...ور معذوروین کے درمیان آلات تقسیم کرنے کے ...نریندر مودی نے کہا کہ ہماری حکومت بلا تفریق ...کے فلاح کے لئے کام کر رہی ہے۔ 130 کروڑ ...کے مفاد کا تحفظ کرنا ان کی حکومت کی اولین ترجیح ...کے دو اضلاع کے دورے پر پہلے پریاگ راج ...نے نریندر مودی نے دس معذورین کو اپنے ہاتھوں ...نے کے بعد ان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ...ن سیوک کے طور پر مجھے ہزاروں معذورین اور ...ت کرنے کا موقع ملا ہے۔ آج اس خصوصی ...یا 27 ہزار افراد کو آلات دیئے گئے۔ وزیر ...طاب میں معذورین کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا کہ ...زندگی کی مشکلوں میں کچھ مدد کریں گے۔ یہ محض ...۔ آپ کی ہمت، حوصلہ ہی کافی اہم ہے۔ آپ ...باریکی سے دیکھے تو ہر کسی کے لئے اس میں ...ہوئی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری حکومت نے معذورین کے لئے جس جذبے کے ساتھ کام کیا ہے اور فیصلے کئے ہیں اس کی جتنی تشہیر ہونی چاہئے تھی وہ نہیں کی گئی۔ ہماری ہی حکومت ہی ہے جس نے پہلی بار معذورین کے حقوق کے لئے قانون نافذ کیا۔ معذورین کے زمرہ بندی کو سات سے بڑھا کر 21 کردیا گیا۔ معذورین پر ظلم و ستم اور مذاق کے شقوں کو مزید سخت کیا گیا۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلے کے ریزرویشن کو تین فیصد بڑھا کر پانچ فیصد کردیا گیا۔ (باقی صفحہ 11 پر)

امیت شاہ کی ریلی آج

کلکتہ (یو این آئی) بی جے پی کی قومی صدر امیت شاہ یکم مارچ کو کلکتہ کے شہید مینار میدان میں شہریت ترمیمی ایکٹ کی حمایت میں جلسے سے خطاب کریں گے۔ تاہم امیت شاہ کی کلکتہ آمد پر بایاں محاذ، جمعیت علمائے ہند سمیت دیگر ملی تنظیموں نے احتجاجی مظاہرے کا اعلان کیا ہے۔ اس کی وجہ سے کلکتہ میں حالات کشیدہ ہونے کا امکان ہے۔ دوسری جانب بی جے پی کا پورا انحصار امیت شاہ اور مرکزی قیادت پر ہے۔ چناں چہ ریاستی بی جے پی نے اپنی تمام یونٹوں کو ہدایت دی ہے کہ امت شاہ کے کلکتہ دورہ کے پیش نظر تمام علاقوں سے بڑی تعداد لوگوں کو لے کر آنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ چوں کہ امتحانات کے پیش نظر مائیک کے (باقی صفحہ 11 پر)

جنتادل یو ورکرس اجلاس آج، وزیر اعلیٰ کا خصوصی خطاب

پٹنہ (ت ن س) جنتادل یو ورکرس اجلاس اتوار کو گاندھی میدان میں منعقد کیا جائیگا جس کیلئے وسیع تیاریاں کی گئی ہیں۔ پٹنہ کے تاریخی گاندھی میدان کے نصف حصہ کو جلسہ گاہ میں تبدیل کردیا گیا ہے اور عظیم الشان اسٹیج تیار کیا گیا ہے۔ گاندھی میدان اور آس پاس کا علاقہ پوسٹروں، بینروں اور استقبالیہ گیٹ سے سجایا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار اس اجلاس میں پارٹی ورکروں سے خطاب کرتے ہوئے انہیں حکومت کے کاموں کی تفصیلی جانکاری دیں گے اور انہیں حکومت کے کاموں کو لیکر عوام کے درمیان جانے کی ترغیب دیں گے۔ وزیر اعلیٰ سوا بارہ بجے گاندھی میدان پہنچیں گے۔ پارٹی نے دعویٰ کیا ہے کہ اس اجلاس میں 2 لاکھ سے زیادہ ورکر شامل ہونگے۔ پارٹی کے ریاستی عہدیدران سے لیکر عام ذمہ داران تک اجلاس کی کامیابی کیلئے سرگرم ہیں۔

راجدھانی پوسٹروں اور بینروں سے پٹی

سبھی جنتادل یو وزرا اور ارکان اسمبلی کی پٹنہ واقع رہائش گاہوں پر ورکروں کے قیام طعام کا مکمل انتظام کیا گیا ہے اور کھانے بنائے جارہے ہیں۔ راجدھانی پٹنہ کے سبھی چوک چوراہوں پر وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی تصویر لگے، پوسٹر اور بینر لگائے گئے ہیں۔ سیکوریٹی کا بھی سخت انتظام کیا گیا ہے۔ دو دن قبل ہی گاندھی میدان کو سیل کردیا گیا تھا۔ آج پورے دن گاندھی میدان میں تیاریاں زوروں پر رہیں۔ اعلیٰ افسران موقع پر پہنچ کر سیکوریٹی کے بندوبست کا جائزہ لیتے رہے۔ واضح رہے کہ یکم مارچ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کا یوم پیدائش بھی ہے اس لئے ورکروں میں زیادہ جوش و خروش دیکھا جارہا ہے۔

...میں فساد، 1 ہلاک، کرفیو نافذ، 8 گرفتار

ضلع کے ڈپٹی کمشنر میتسی ڈوروار نوکبری نے بتایا کہ یہاں امن وامان کی صورت حال خراب ہونے کے خدشہ پیش نظر کرفیو لگا دیا گیا۔ خفیہ رپورٹ ملی تھی کہ مقامی افراد امن وامان کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں۔ انھوں نے

دہلی: میٹرو اسٹیشن پر "گولی مارو" کا نعرہ، افراتفری، 6 گرفتار

نئی دہلی (ایجنسی) ہفتہ کے روز راجیو چوک میٹرو اسٹیشن پر، کچھ شرپسند لوگوں نے 'ملک کے غداروں کو گولی مارو...' کے نعرے لگائے جس

اس نعرے کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ ڈی ایم آر سی کی طرف سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق میٹرو

وزیر اعظم مودی کو کالا جھنڈا دکھانے والے تین گرفتار

پریاگ راج (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی کی تقریر کے دوران پروگرام

سید عارف حسین گیاوی کا ٹاٹا میں انتقال

گیا (فیضان عزیزی) جمعیت علما بہار کے صدر حضرت مولانا الحاج حافظ وقاری محمد معین الدین قاسمی کے سمدھی اور اردو کے مشہور شاعر حضرت مولانا قاری سید حسین احمد عارف گیاوی کا انتقال 26 فروری 2020 کو جمشید پور میں ہو گیا۔ 27 فروری کو آم بگان مسجد ساکچی جمشید پور میں 27 فروری کو بعد نماز عصر ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جنازہ کی نماز مرحوم کے بڑے صاحبزادہ مولانا محمد اعظم ندوی استاذ المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد نے پڑھائی اور ساکچی قبرستان میں عمل میں آئی۔ جنازہ میں شہر کے معززین کے علاوہ اعزہ و احباب اور محبین و متعلقین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اہل خانہ سے تعزیت کیا۔ بطور خاص حضرت مولانا قاری محمد معین الدین صاحب قاسمی، حضرت مولانا محمد صاحب قاسمی، مہتمم مدرسہ حسینیہ رانچی نے جنازہ اور تدفین میں شرکت فرما کر تعزیت مسنونہ پیش فرمائی۔

مرحوم کی پیدائش 1941 میں جہان آباد ضلع گیا میں ہوئی تھی انہوں نے حفظ و قرات کی تکمیل مدرسہ قاسمیہ اسلامیہ گیا سے کی تھی۔ جانشین شیخ الاسلام حضرت مولانا قاری فخر الدین گیاوی آپ کے خاص استاذ و مربی تھے۔ 1964 میں دارالعلوم دیوبند سے فارغ التحصیل ہوئے اور مختلف شہروں میں امامت و تدریس کی خدمات انجام دئے۔ آخر میں جامع مسجد ساکچی جمشید پور میں پچیس سال امامت و خطابت کے فرائض انجام دئے۔ "نعت محمدی" کے نام سے ان کے کلام کا ایک مجموعہ شائع ہو چکا ہے دوسرا مجموعہ کلام "افکار عارف گیاوی" ایک شعر ایک مضمون" زیر طباعت ہے۔ پسماندگان میں ان کی اہلیہ کے علاوہ تین فرزندان محمد اعظم ندوی، محمد زاہد حسین ندوی، محمد خالد ندوی، قاسمی، اور تین صاحبزادیاں ہیں۔ علمائے کرام ائمہ مساجد اہل علم اور عام مسلمانوں سے دعائے مغفرت کی درخواست کی جاتی ہے۔

قومی تنظیم پٹنہ کی خبر

سید عارف حسین گیاوی کا ٹاٹا میں انتقال

گیا (فیضان عزیزی) جمعیت علما بہار کے صدر حضرت مولانا الحاج حافظ وقاری محمد معین الدین قاسمی کے سمدھی اور اردو کے مشہور شاعر حضرت مولانا قاری سید حسین احمد عارف گیاوی کا انتقال 26 فروری 2020 کو جمشید پور میں ہو گیا۔ 27 فروری کو آم بگان مسجد ساکچی جمشید پور میں 27 فروری کو بعد نماز عصر ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جنازہ کی نماز مرحوم کے بڑے صاحبزادہ مولانا محمد اعظم ندوی استاذ المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد نے پڑھائی اور ساکچی قبرستان میں عمل میں آئی۔ جنازہ میں شہر کے معززین کے علاوہ اعزہ و احباب اور محبین و متعلقین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اہل خانہ سے تعزیت کیا۔ بطور خاص حضرت مولانا قاری محمد معین الدین صاحب قاسمی، حضرت مولانا محمد صاحب قاسمی، مہتمم مدرسہ حسینیہ رانچی نے جنازہ اور تدفین میں شرکت فرما کر تعزیت مسنونہ پیش فرمائی۔

مرحوم کی پیدائش 1941 میں جہان آباد ضلع گیا میں ہوئی تھی انہوں نے حفظ وقرات کی تکمیل مدرسہ قاسمیہ اسلامیہ گیا سے کی تھی۔ جانشین شیخ الاسلام حضرت مولانا قاری فخرالدین فخر گیاوی آپ کے خاص استاذ و مربی تھے۔ 1964 میں دارالعلوم دیوبند سے فارغ التحصیل ہوئے اور مختلف شہروں میں امامت و تدریس کی خدمات انجام دیے۔ آخر میں جامع مسجد ساکچی جمشید پور میں پچیس سال امامت و خطابت کے فرائض انجام دیے۔ ''نعت محمدی'' کے نام سے ان کے کلام کا ایک مجموعہ شائع ہو چکا ہے دوسرا مجموعہ کلام ''افراد عارف گیاوی'' ''ایک شعر ایک مضمون'' زیر طباعت ہے۔ پسماندگان میں ان کی اہلیہ کے علاوہ تین فرزندان محمد اعظم ندوی، محمد زاہد حسین ندوی، محمد خالد ندوی، قاسمی، اور تین صاحبزادیاں ہیں۔ علمائے کرام ائمہ مساجد اہل علم اور عام مسلمانوں سے دعائے مغفرت کی درخواست کی جاتی ہے۔